پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن، A-21، کشمیر بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور۔

فون نمبر: 042-99260209, 99260270, 99260272, 99260265 ویب سائٹ: www.pbte.edu.pk

ای میل: coe.pbte@yahoo.com, techpbte@gmail.com

SAY NO TO CORRUPTION


مراسلہ نمبر:-پی بی ٹی ای/ٹیکنیکل/2025/ 2772 مورخہ: 10-11-2025

# نوٹیفیکیشن

اطلاعاً تحریر ہے کہ پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن، لاہور کے زیر اہتمام دوسرا سالانہ امتحان 2025 برائے ڈپلومہ آف ایسوسی ایٹ انجینئر سال دوئم، سال سوئم اور سال چہارم، ڈپلومہ آف ایسوسی ایٹ انجینئر سائنو پاک (ڈیول ڈپلومہ) سال دوئم، ڈپلومہ ان ڈریس میکنگ اینڈ ڈریس ڈیزائن سال دوئم اور سال سوئم کے ساتھ ساتھ برج کورسز برائے لیول-3 ڈپلومہ آف سٹی اینڈ گلڈز کے پریکٹیکل امتحانات اور ایوارڈ لسٹوں کی وصولی درج ذیل شیڈول کے مطابق ہوگی۔ نیز سیشنل مارکس کی آن لائن انٹری اور سیشنل مارکس اور پریکٹیکل کی ایوارڈ لسٹوں کی وصولی بھی ذیل میں درج شیڈول کے مطابق ہوگی۔ تمام اُمور سے متعلقہ ہدایات بھی ذیل میں دے دی گئی ہیں۔ جن پر عمل درآمد نہایت ضروری ہے۔

| نمبر شمار | کیفیت | تواریخ |
|---|---|---|
| | **شیڈول برائے پریکٹیکل امتحانات سال دوئم، سوئم و سال چہارم** | |
| 1 | آغاز پریکٹیکل امتحانات سال دوئم، سال سوئم، سال چہارم | 18-11-2025 |
| 2 | سال دوئم، سوئم اور چہارم کے پریکٹیکل کی ایوارڈ لسٹیں بمعہ اُمیدواران کی حاضری چیف سیکریسی آفیسر کے دفتر میں وصولی کی آخری تاریخ | 19-12-2025 |
| | **شیڈول برائے سیشنل مارکس** | |
| 1 | سال اول، دوئم، سوئم اور چہارم کے سیشنل مارکس کی آن لائن انٹری شروع کرنے کی تاریخ | 18-11-2025 |
| 2 | سیشنل مارکس کی آن لائن انٹری اور پروف ریڈنگ کے بعد ڈیٹا لاک ہونے کی آخری تاریخ | 12-12-2025 |
| 3 | سال اول، دوئم، سوئم اور سال چہارم کے سیشنل مارکس کی ایوارڈ لسٹیں دفتر بورڈ میں جمع کروانے کی آخری تاریخ | 19-12-2025 |
| | **اہم ہدایات** | |
| 1 | پریکٹیکل امتحانات دفتر بورڈ کی جانب سے جاری کردہ پریکٹیکل ڈیٹ شیٹ کے مطابق منعقد ہونگے۔ | |
| 2 | پریکٹیکل امتحانات کیلئے ایکسٹرنل ممتحن حضرات کی تعیناتی دفتر بورڈ کرے گا۔ | |
| 3 | سال دوئم، سوئم اور چہارم کے پریکٹیکل امتحانات کیلئے سوالیہ پرچہ جات ایکسٹرنل ممتحن حضرات مرتب کریں گے۔ | |
| 4 | تمام متعلقہ پرنسپل صاحبان کی اطلاع کیلئے تحریر ہے کہ سال دوئم، سوئم اور چہارم کے پریکٹیکل مارکس کی آن لائن انٹری نہیں ہوگی بلکہ ایوارڈ لسٹیں مینول طور پر تیار کر کے بمعہ اُمیدواران کی حاضری دفتر بورڈ میں درج بالا تواریخ کے مطابق وصول کروائی جائیں گی۔ بصورت دیگر تمام تر ذمہ داری آپکے ادارہ پر عائد ہوگی۔ | |
| 5 | **پریکٹیکل اور سیشنل مارکس کی ایوارڈ لسٹیں تیار ہونے کے بعد ایوارڈ لسٹوں کی پڑتال ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ سے کروائیں، ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ ایوارڈ لسٹوں کی پڑتال کے بعد ایوارڈ لسٹ کی پشت پر اپنے دستخط اور مہر ثبت کریں اور اسکے بعد پرنسپل صاحبان سے کاؤنٹر دستخط کروائے جائیں۔ پریکٹیکل اور سیشنل کی ایوارڈ لسٹیں تیار کرتے وقت اس امر کا خاص خیال رکھا جائے کہ امیدواران کے حاصل کردہ مارکس ٹوٹل مارکس میں سے لگائے جائیں۔ اگر مارکس پاس مارکس میں سے لگائے گئے تو پاس مارکس سے کم مارکس والے امیدواران فیل ہو جائیں گے جسکی تمام تر ذمہ داری ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ اور پرنسپل صاحبان پر عائد ہوگی۔** | |
| 6 | سال اول، سال دوئم، سوئم اور چہارم کے سیشنل مارکس کی آن لائن انٹری درج بالا شیڈول کے مطابق ہوگی اور سیشنل مارکس کی ایوارڈ لسٹیں درج بالا شیڈول کے مطابق دفتر بورڈ میں وصول کروائی جائیں گی بصورت دیگر تمام تر ذمہ داری آپکے ادارہ پر عائد ہوگی۔ | |

کنٹرولر امتحانات

**کاپی برائے اطلاع:-**

1. پی ایس ٹو سیکرٹری، سکلز ڈویلپمنٹ اینڈ انٹرپرینیورشپ ڈیپارٹمنٹ، حکومت پنجاب، لاہور۔
2. ایس اے ٹو چیئرپرسن، پی ایس ٹو چیف آپریٹنگ آفیسر، زونل ڈائریکٹر (سینٹرل، ساؤتھ اور نارتھ)، تمام ڈپٹی زونل ڈائریکٹرز اور تمام ڈسٹرکٹ ڈائریکٹرز ٹیوٹا۔
3. پی ایس ٹو چیئرپرسن، پی اے ٹو سیکرٹری، پی اے ٹو کنٹرولر امتحانات، ڈپٹی کنٹرولر امتحانات (سیکریسی/کنڈکٹ)، سسٹم انالسٹ، چیف سیکریسی آفیسر، پبلک ریلیشنز آفیسر،
4. ویب ایڈمنسٹریٹر اور تمام متعلقہ سیکشن آفیسرز بورڈ ہذا۔
5. سربراہان تمام الحاق شدہ (گورنمنٹ و پرائیویٹ) ادارہ جات۔

Scanned with CamScanner